ایڈنبرا میں قانونی نمائندے

Updated December 2011

Legal representatives – Edinburgh - Urdu

مجھے قانونی مشورہ کیوں حاصل کرنا چاہئے؟

اسائلم کے لئے درخواست دینا ایک پیچیدہ عمل ہے اور آپ کو قانونی مشورے کا حق ہے۔

ایک قانونی نمائندہ جلد از جلد تلاش کرنا اور قانونی مشورہ حاصل کرنا **بہت** ضروری ہے۔

کیونکہ آپ کے اسائلم کے دعوے کی تائید کرنے کی خاطر درکار شہادت مہیا کرنے کے لئے وقت کی حدود **بہت** مختصر ہوتی ہیں۔

اگر آپ کے پاس رقم تھوڑی ہو یا بالکل کوئی رقم نہ ہو، تو آپ کو اپنے اسائلم کے دعوے میں مدد کے لئے قانونی مشورے کا حق حاصل ہونے کا امکان ہے۔ آپ کا قانونی نمائندہ اس بارے میں وضاحت کرے گا اور اس جگہ کی نشان دہی کرے گا جہاں سے وہ آپ کے لئے ایسا کر سکتے ہیں۔

اپنے قانونی نمائندے کے ساتھ کھل کر بات کریں اور ایماندار رہیں

اگرچہ ہو سکتا ہے کہ آپ کو اپنے ساتھ پیش آنے والی چند باتوں کے بارے میں بات کرنے میں مشکل پیش آئے لیکن آپ کا قانونی نمائندہ اس وقت تک پوری طرح آپ کی اعانت نہیں کر سکتا جب تک کہ یہ اسے معلوم نہ ہوں۔ اگر آپ ہر چیز کے بارے میں اپنے قانونی نمائندے کے ساتھ بات چیت کر لیں تو اس سے آپ کے اسائلم کے دعوے میں مدد ہوسکتی ہے۔

قانونی مشورہ کیسے حاصل کیا جائے

مندرجہ ذیل فہرست میں Edinburgh میں اسائلم کے بارے میں مشورہ دینے والے چند قانونی نمائندوں کی رابطہ تفصیلات فراہم کی گئی ہیں۔ آپ ایک قانونی نمائندے کا انتخاب کرنے کے لئے اس فہرست کو استعمال کر سکتے ہیں اور حسب ذیل تفصیلات کو استعمال کر کے ان سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

یہ نوٹ کرنا ضروری ہے کہ یہ فہرست حتمی نہیں ہے اور دیگر قانونی نمائندے دستیاب ہیں۔ اگر آپ چاہیں، تو آپ کسی ایسے قانونی نمائندے کا انتخاب کر سکتے ہیں جو ذیل میں درج نہیں ہے۔ قانونی نمائندوں کی ایک فرم کو شامل کرنے سے اسکاٹش ریفیوجی کونسل کی کوئی تصدیق اور/ یا سفارش ظاہر نہیں ہوتی۔ قانونی نمائندوں کے دیگر نام اسکاٹ لینڈ کی لاء سوسائٹی کو 0131 226 7411 پر فون کر کے حاصل کئے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کو اپنے قانونی نمائندے سے ناقص مشورہ یا ایک ناکافی خدمت ملی ہے، تو آپ امیگریشن کمشنر (OISC) کے دفتر کو ایک درخواست کر سکتے ہیں۔ ایک شکایت کرنے کی مکمل تفصیلات ان کی ویب سائٹ: http://www.oisc.gov.uk پر دستیاب ہیں۔

Scottish Refugee Council, 5 Cadogan Square, (170 Blythswood Court), Glasgow G2 7PH Tel: 0141 248 9799, Fax: 0141 243 2499,
www.scottishrefugeecouncil.org.uk
Scottish Refugee Council is a charity registered in Scotland.
Registered Charity: SC008639

ایک شکایت کیسے کی جائے

ایک شکایت کرنے سے آپ کے اسائلم کے دعوے یا آپ کے امیگریشن اسٹیٹس پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کو ایک اسکاٹش وکیل (آپ کے قانونی نمائندے) سے ناقص مشورہ یا ایک ناکافی خدمت ملی ہے، تو:

آپ کو چاہئے کہ آپ پہلے اپنے قانونی نمائندے کو ایک تحریری درخواست دیں اور اسے حل کرنے کے لئے انہیں چار ہفتوں کا وقت دیں۔

اگر آپ کی شکایت چار ہفتوں میں حل نہ ہو، تو آپ اسکاٹش کمشنر برائے قانونی شکایات (SLCC) کو ایک باضابطہ تحریری درخواست کر سکتے ہیں۔ اگر لکھنا مشکل ہو، تو آپ مدد کے لئے انہیں 0131 528 511 پر فون کر سکتے ہیں۔

اپنی تحریری درخواست میں آپ کو چاہئے کہ شکایت کی مکمل تفصیلات کو خود اپنے الفاظ میں شامل کریں، اس سے آپ پر کیسے اثر پڑا ہے اورآپ اپنی شکایت کو کیسے حل کروانا چاہیں گے۔ آپ کو اپنی تحریری درخواست پر دستخط بھی کرنے چاہئیں۔

ایک شکایت کرنے سے متعلق مکمل تفصیلات ان کی ویب سائٹپر دستیاب ہیں۔

http://www.scottishlegalcomplaints.org.uk/how-to-complain/complaint-form.aspx

ایڈنبرا میں قانونی نمائندے:

Drummond Miller
32 Moray Place
Edinburgh
EH3 6BZ
ٹیلیفون: 0131 226 5151
فیکس: 0131 225 2608
dbrown@drummond-miller.co.uk

Ethnic Minority Law Centre
103-105 Morrison Street
Edinburgh
EH3 8BX
ٹیلیفون:0131 229 2038
فیکس: 0131 229 2039
Edinburgh@emlc.org.uk

D Duheric & Co Solicitors
23 Castle Street
Edinburgh
EH2 3DN
Tel: 0131 225 5444
Mobile: 07427049669
Skype: dduheric
Damir.duheric@dduhericsolicitors.co.uk
www.dduhericsolicitors.co.uk

McGill & Co
34 Lochrin Buildings
EH3 9ND
ٹیلیفون: 0131 228 2083
فیکس: 0131 228 2133
vdouglas@mcgillandco.co.uk

Scottish Refugee Council, 5 Cadogan Square, (170 Blythswood Court), Glasgow G2 7PH Tel: 0141 248 9799, Fax: 0141 243 2499,
www.scottishrefugeecouncil.org.uk
Scottish Refugee Council is a charity registered in Scotland.
Registered Charity: SC008639

Scottish Refugee Council, 5 Cadogan Square, (170 Blythswood Court), Glasgow G2 7PH Tel: 0141 248 9799, Fax: 0141 243 2499,
www.scottishrefugeecouncil.org.uk
Scottish Refugee Council is a charity registered in Scotland.
Registered Charity: SC008639